SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
July 17, 2023

**SECP amends regulations for election of independent directors and female directors**

ISLAMABAD, July 17: To address practical difficulties faced by the listed companies in election of directors, and to promote diversity in boards of the companies, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has introduced amendments in the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.

The notified amendments aim to facilitate listed companies in meeting their regulatory requirements relating to the election of independent and female directors on their boards. The new regulations will also strengthen corporate governance framework by introducing the concept of voting in categories on proportionate basis.

Under the category voting, a three-tier voting structure for listed companies is being prescribed whereby votes shall be cast separately for the three categories of directors i.e. female, independent and others. The division of maximum votes available to each member for a category shall be in proportion to the number of seats of directors under such category.

Furthermore. number of votes for each category shall be counted separately. For the female director, the seat shall be fixed to one; and for the independent director it shall be two or one-third, whichever is higher. However, there will be no restriction in the total number of female and independent directors that can be elected on the board of the company in all categories combined.

It is pertinent to mention that the role of independent directors is globally recognized in bringing specialized expertise to the board and contributing to conflict resolution. The subject reform will also promote women inclusion and is part of SECP's integrated approach to strengthening corporate governance in listed companies.

These reforms will further improve the corporate governance framework and also play an important role in protecting minority interest by ensuring election of independent directors in an efficient and transparent manner. The notifications of these amendments are accessible at SECP's website: (Code of Corporate Governance at) https://www.secp.gov.pk/document/s-r-o-906-i-2023-amendments-in-the-listed-companies-code-of-corporate-governance-regulations-2019/?wpdmdl=48385&refresh=64b50ed650e921689587414 and {Postal Ballot Regulations at) https://www.secp.gov.pk/document/s-r-o-905-i-2023-amendments-in-the-companies-postal-ballot-regulations-2018/?wpdmdl=48388&refresh=64b50ed64f5751689587414.

## ایس ای سی پی نے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور خواتین ڈائریکٹرز کے الیکشن کے ضوابط میں ترامیم متعارف کروادیں

اسلام آباد، 17 جولائی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کے لیے ڈائریکٹرز کے انتخاب کو آسان بنانے اور کمپنیوں کے بورڈز میں تنوع کو فروغ دینے کے لیے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں ترامیم متعارف کروادیں ہیں۔

ان ترامیم کا مقصد لسٹڈ کمپنیوں کو انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور خواتین ڈائریکٹرز کے انتخاب کی ریگولیٹری ضروریات کو پورا کرنے میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ نئی متعارف کرائی گئی اہم ترامیم میں متناسب بنیادوں پر ڈائریکٹرز کی کیٹیگری ووٹنگ شامل ہے۔ اس سے کارپوریٹ گورننس فریم ورک بھی مضبوط ہو گا۔

کیٹیگری ووٹنگ کے تحت، لسٹڈ کمپنیوں کے لیے تین مرحلوں میں ووٹنگ کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جس میں تینوں کیٹیگریز یعنی خواتین، آزاد اور دیگر ڈائریکٹرز کے لیے الگ الگ ووٹ ڈالے جائیں گے۔ علاوہ ازیں، ہر کیٹیگری کے ووٹوں کی تعداد الگ سے شمار کی جائے گی۔ خاتون ڈائریکٹر کے لیے ایک سیٹ مقرر کی جائے گی۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے لیے دو یا بورڈ کے ایک تہائی نمبر کے مطابق، جو بھی زیادہ ہو، سیٹیں مقرر کی جائیں گی۔ تاہم، خواتین اور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی کل تعداد میں کوئی پابندی نہیں ہو گی۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ بورڈ میں خصوصی مہارت لانے اور تنازعات کے آسان حل کو یقینی بنانے میں انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے کردار کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ مندرجہ بالا اصلاحات سے خواتین کی شمولیت کو بھی فروغ ملے گا۔ یہ ترامیم لسٹڈ کمپنیوں میں کارپوریٹ گورننس کو مضبوط بنانے کے لیے ایس ای سی پی کے مربوط نقطہ نظر کا تسلسل ہے۔ ترامیم کی نوٹیفیکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

یہ اصلاحات کارپوریٹ گورننس کے فریم ورک کو مزید بہتر بنائیں گی اور ایک موثر اور شفاف طریقے سے آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کو یقینی بنا کر اقلیتی شئیر ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ میں بھی اہم کردار ادا کریں گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005